SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Wednesday، April، 22، 2009

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at 10.38 in the morning with Mr. Chairman (Mr. Farooq Hamid Naek) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِیمِ

لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْۤ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ یُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیُعَذِّبُ

مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ

وَرُسُلِهٖ ۫ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۔

ترجمہ : جو کچھ کہ آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ ہی کا ہے اور اگر تم اپنے دل کی بات ظاہر کرو گے یا چھپاؤ گے۔ اللہ تم سے اس کا حساب لے گا پھر جس کو چاہے بخشے گا اور جسے چاہے عذاب کرے گا اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ رسول نے مان لیا جو کچھ اُس پر اُس کے رب کی طرف سے اُترا ہے اور مسلمانوں نے بھی مان لیا سب نے اللہ کو اور اُس کے فرشتوں کو اور اُس کی کتابوں کو اور اُس کے رسُولوں کو مان لیا ہے۔ کہتے ہیں کہ ہم اللہ کے رسُولوں کو ایک دُوسرے سے الگ نہیں کرتے اور کہتے ہیں ہم نے سُنا اور مان لیا۔ اے ہمارے رب ! تیری بخشش چاہتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

سورۃ البقرۃ (آیات 284 تا 285)

جناب چیئرمین : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Questions hour۔ حافظ رشید احمد۔

Question and Answers

Senator Muhammad Zahid Khan: Point of order sir.

جناب چیئرمین : Question hour ذرا ہو جائے۔

سینیٹر محمد زاہد خان : جناب صرف ایک چھوٹا سا پوائنٹ ہے۔

جناب چیئرمین : جی جی۔

سینیٹر محمد زاہد خان : یہ جناب آپ نے دیکھا کہ کچھ دنوں سے پی آئی اے کے پائلٹوں نے ہڑتال کی ہوئی ہے اس پر حکومت نے کوئی ایکشن لیا ہے کہ نہیں لیا۔ مذاکرات ہو رہے ہیں کہ نہیں ہو رہے ۔ عوام کو ہڑتال کی وجہ

سے بہت تکلیف ہے۔ ایئر پورٹ پر کئی کئی گھنٹے مسافر بیٹھے رہتے ہیں اور وہاں پر پی آئی اے کا جو لوکل عملہ ہوتا ہے ان سے بھی لڑائی جھگڑے ہوتے ہیں۔ میرے خیال میں حکومت کو اس پر نوٹس لینا چاہیے۔ میری اطلاع ہے کہ ایم ڈی ' پی آئی اے جو ہے وہ ان ہی کے گروپس سے ہے۔ میرے خیال میں یہ ان کی آپس کی کوئی لڑائی ہے جس سے بات اتنی بڑھ گئی ہے۔

جناب چیئرمین: جیسا آپ کہتے ہیں زاہد صاحب میں بات سمجھ گیا ہوں۔ بخاری صاحب کل ڈیفنس منسٹر صاحب کو بلا لیں۔ اس کے اوپر ایم ڈی ' پی آئی اے سے clearance لے کر اس کو جواب دے دیں۔ ٹھیک ہے جناب۔

سینیٹر محمد زاہد خان: بہت بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you. Hafiz Rashid Ahmad.

Senator Col (Retd.) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Mr. Chairman، my question is pending for the last fifteen days. I had submitted it to the Secretariat fifteen days ago.

Mr. Chairman: Mashhadi sahib we will look into it.

ذرا question hour ہو جائے۔

Senator Col (Retd.) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Sir، kindly give me a chance today.

Mr. Chairman: Definitely we will give you a chance.

Senator Col (Retd.) Syed Tahir Hussain Mashhadi: I always sit down……..

Mr. Chairman: No، no we will give you a chance.

Senator Col (Retd.) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Out of respect to you. Thank you.

Mr. Chairman: Definitely I will give you a chance.

Senator Col (Retd.) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you sir.

جناب چیئرمین: حافظ صاحب منسٹر کا کٹر صاحب ابھی آ رہے ہیں۔ وہ پرائم منسٹر صاحب کے ساتھ ہیں تو اس کے بعد آپ کا question لے لیں گے۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: نہیں۔ چیئرمین صاحب آپ کی بات بالکل بجا ہے۔ ہم روز ادھر آتے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ فکر نہ کریں۔

سینیٹر حافظ رشید احمد : جناب ! میری پہلے آپ بات سن لیں پھر بعد میں۔۔۔۔۔ہم روز ادھر آتے ہیں اور questions ادھر پڑے ہوتے ہیں۔ کیا ہمارے عوامی مسائل نہیں ہوتے۔ ٹھیک ہے ہمارے فاٹا اور بلوچستان کے مسائل بھی عوامی مسائل ہیں لیکن میں کہتا۔۔۔۔

جناب چیئرمین : آج پہلی دفعہ ہے۔

سینیٹر حافظ رشید احمد : میرے خیال میں یہ مال کا زیاں بھی ہے اور ہاؤس کا بھی زیاں ہے۔

جناب چیئرمین : آپ کا سوال ہو جائے گا آپ بیٹھ جائیں .please

سینیٹر حافظ رشید احمد : جناب ! میری عرض تو سنیں۔ یہ زیاں ہے۔ یہ مال کا بھی زیاں ہے۔ ہاؤس کا بھی زیاں ہے۔ پرنٹنگ کا بھی زیاں ہے۔ یہ تین تین مرتبہ چھاپنے پڑتے ہیں۔ میرے خیال میں تو یہ بڑی زیادتی ہے۔

جناب چیئرمین : اچھا آپ چاہتے ہیں کہ میں آپ کے سوال پڑھ کر جواب بھی دے دوں تا کہ آپ کی satisfaction ہو جائے یا آپ منسٹر صاحب کا انتظار کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر حافظ رشید احمد : نہیں اس کا بھی ذرا نوٹس لے لیں۔

جناب چیئرمین : ذرا صبر کریں۔آپ صبر کریں ابھی پندرہ منٹ میں منسٹر صاحب آنے والے ہیں۔

سینیٹر حافظ رشید احمد : جناب ! میں دوسری بات کرتا ہوں اور آپ دوسری بات کرتے ہیں۔ میری والی جو بات ہے میں کہتا ہوں اس کو پہلے سے طے کرنا چاہیے کہ اس کا طریقہ اس طرح ہو گا اور دوسری بات ہم یہ چاہتے ہیں کہ question hour دو گھنٹے ہو جائے۔ یہ آپ نے ایک گھنٹہ بھی ختم کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے۔

سینیٹر حافظ رشید احمد : میرے خیال میں یہ بھی عوامی مسائل ہیں۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے۔ مسٹر محمد طلحہ محمود، نہیں ہیں۔ چلیں next لے لیتے ہیں۔ عطاالرحمٰن صاحب ان کی leave application آئی ہے۔ میں آپ کو ابھی سے بتا دیتا ہوں۔ وہ سرکاری دورے پر ملک سے باہر ہیں۔

سینیٹر الیاس احمد بلور : جناب ! میں یہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ routine یہ ہوتا ہے کہ جو بھی منسٹر صاحب سرکاری دورے پر ملک سے باہر ہوں دوسرا منسٹر اس کو take over کر کے اس کے answers دیتا ہے۔ State Minister sahib ہیں یا نہیں۔۔۔۔۔ full Ministers بھی ان کے جوابات دے دیتے ہیں ان سے briefing لے کر۔ یہ routine رہی ہے کہ کئی سالوں سے یہاں اصول یہ ہے۔ یہ مطلب تو نہیں ہے کہ جب منسٹر صاحب نہیں ہیں تو۔۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین : آپ کی بات بلور صاحب بالکل صحیح ہے۔

Bukhari sahib in future، ensure if the Federal Minister is absent the State Minister should be here. If both Ministers are absent they should appoint/nominate somebody to answer the questions on their behalf.

ٹھیک ہے۔Satisfied o.k. Next questionدیکھ لیتے ہیں۔ مسٹر محمد طلحہ محمود۔ موجود نہیں ہیں۔ anyone on his behalf

سینیٹر حاجی محمد عدیل : یہ سیاحت کے حوالے سے ہے۔ ہمیں تو پتا نہیں چلتا کہ آخر شمالی۔۔۔۔

جناب چیئرمین : دیکھیے۔ آپ بیٹھیے please پہلے submit which question.

سینیٹر حاجی محمد عدیل : بیس نمبر کا question ہے جی۔

Mr. Chairman: Are you putting the question on his behalf.

سینیٹر حاجی محمد عدیل : ضمنی سوال تو میں کر سکتا ہوں۔

جناب چیئرمین : انیس تو گزر چکا ہے بیس پر آ گئے ہیں۔ کیونکہ منسٹر صاحب نہیں ہیں اس لئے ہم بیس پر آ گئے ہیں۔ بیس پر بھی طلحہ محمود صاحب کا سوال ہے۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل : طلحہ محمود صاحب بھی نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین : وہ آ کر چلے جاتے ہیں۔ ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی، وہ بھی present نہیں ہیں۔ پھر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی وہ بھی موجود نہیں ہیں۔ پھر مسٹر محمد طلحہ محمود، وہ بھی موجود نہیں ہے۔ On his behalf کوئی آ جائے۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل : آپ پوچھتے نہیں۔

جناب چیئرمین : پوچھے کوئی۔

Senator Dr. Safdar Ali Abbasi: Point of order sir.

جناب میں آپ سے request یہ کروں گا کہ اس کا طریقہ یہ ہوگا کہ آپ اگر question number put کریں۔

Mr. Chairman: Question number.

Senator Dr. Safdar Ali Abbasi: Question No.20.

جناب آپ نام لینے کی بجائے.......Question number

جناب چیئرمین : Rules میں ہے کہ question number جو ہے وہ member put کرتا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی : نہیں نہیں۔ آپ جناب ایسا کر لیں کہ question number کر لیں، کوئی جواب ہوگا تو on his behalf آ جائے گا۔

جناب چیئرمین : کوئی بات نہیں میں آپ کو rule پڑھ کر سنا دیتا ہوں۔

Rule 53 Sub Rule (2)

> 'The member so called shall rise in his place and، unless he states that it is not his intention to ask the question standing in his name، he shall ask the question by reference to its serial number on the list of questions.'

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: یہ ہو گا جناب! کہ جب آپ question number لے لیں گے۔ اگر ایک ممبر نہیں بھی ہے تو ان کے behalf پر کوئی اور لینا چاہے تو۔۔۔۔

جناب چیئرمین: چلیں میں آپ کی آسانی کے لئے rule کو پڑھ دیتا ہوں۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: میں آسانی کے لئے کہہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: یہ بات صحیح ہے۔ ورنہ میں نے rule آپ کو پڑھ کر سنا دیا ہے۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: آسانی کے لئے میں کہہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: چلیے۔ وہ بالکل ٹھیک ہے۔ اچھا اب start کر لیتے ہیں Q.No.20 ہے مسٹر محمد طلحہ محمود۔ Rule تو یہ کہتا ہے کہ ممبر خود اپنا serial number بتائے گا۔ جیسے صفدر صاحب نے کہا کہ ممبروں کی ذرا آسانی کے لئے ہم کر دیں تو ہم کر دیتے ہیں۔ Rule میں ہے۔ میں rule آپ کو پڑھ دوں۔ میں rule پڑھ دیتا ہوں۔ I read the rule. ایک منٹ جی rule پڑھ دیتے ہیں۔

Rule 53 sub rule (3)

> "If، on a question being called، it is not put or the member in whose name it stands is absent، the Chairman may، at the request of any other member، direct that the answer to it be given."

سینیٹر احمد علی: جناب دیکھیں may کا لفظ آیا ہے۔ تو کیا اپنا power exercise کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ خود چاہتے ہیں کہ rules کے مطابق چلا جائے تو rules میں آپ کو پڑھ کر سنا رہا ہوں۔

Syed Naveed Qamar (Federal Minister for Privatization Commission): Both the Houses at different times sir followed different traditions. The rule to allow for any member to ask that question on behalf of any other member، however in the National Assembly this tradition has been done away with in order to ensure the member to put the questions present with the House،...at the time that these questions are taken up. It is obviously your prerogative as a Chair to decide which tradition to follow. However

given the shortage of the number of questions that you have، perhaps you may allow any member to ask the question on behalf of any other member.

Mr. Chairman: Thank you. And let's see that this discretion has been given to the Chairman to exercise it judicially for the benefit of the members in the public at large.

اب آپ چاہتے ہیں کہ پیچھے سے چلیں یا آگے بڑھ جائیں۔ ہاؤس کا جو please حاجی صاحب ذرا ایک منٹ موجود نہیں ہیں۔ انہوں نے سوالات دیے ہیں۔ صفدر عباسی members ہے ؟ دیکھیں consensus Any صاحب چاہتے ہیں سوال نمبر ۲۰ سے چلیں۔ سوال نمبر ۲۰ جناب محمد طلحہ محمود۔ وہ موجود نہیں ہیں۔ one on his behalf?

20. ***Mr. Muhammad Talha Mahmood:** Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to state:

(a) the profit earned by Sui Northern Gas Pipelines during the last five years; and

(b) the amount paid as salary، allowances etc. to the employees of Sui Northern Gas Pipelines during the said period?

Dr. Asim Hussain: (a) The Profit earned by Sui Northern Gas Pipelines during the last five years is as follows:—

Years 30th June	Profit After Tax (Rs.000')
2008	2,496,690
2007	2,678,643
2006	3,722,244
2005	2,735,978
2004	2,297,478

(b) The amount paid as salary, allowances etc, to the employees of Sui Northern Gas Pipelines during the said period is as follows:—

Years 30th June	Salaries and Allowances (Rs.000')
2008	3;726,305
2007	3,542,991
2006	3,334,296
2005	2,894,445
2004	2,914,930

Mr. Chairman: Any supplementary question?

Senator Haji Muhammad Adeel: My supplementary question is this where its net profit goes which is in billions?

Syed Naveed Qamar: Thank you Mr. Chairman. Mr. Chairman obviously the profit from the Sui Northern Gas Company which is the Company in question، goes to the shareholders، majority of which belongs to the Government of Pakistan but there are some shares which are held by some other holding companies on behalf of the Government as well as the public at large.

سینیٹر احمد علی: جواب میری سمجھ میں نہیں ہے، کتنا کچھ profit shareholders کے درمیان تقسیم ہوا؟

Syed Naveed Qamar: Sir، quite obviously this is complete a new question and I would request the honourable Member to give us notice and we will definitely give him the break up of the shareholding of the Sui Norther Gas Company.

سینیٹر حاجی محمد عدیل: وزیر موصوف صاحب یہ بتائیں کہ جو net profit ہے کہ جو royalty and excise duty جہاں یہ گیس پیدا ہوتی ہے چاہے ڈیرہ بگٹی میں ہے، کولہو میں ہے یا کسی اور جگہ سندھ میں پیدا ہوتی ہے کیا وہ دینے کے بعد یہ منافع ہے اور وہ کتنی دی گئی ہے؟

Syed Naveed Qamar: Sir the honourable member would know that the royalties are given at the time when the gas produces from the wellhead and therefore، there are totally different companies which are the exploration companies that produce this. Sui Northern Gas Company is only a distribution company and they also buy the gas from the production companies like OGDC، PPLs and others and then they pass on. When we say net profit، it is net of all such profit، including the taxes that are payable to the Government.

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر حاجی محمد عدیل: جناب! سوئی ناردرن گیس والے کس شرح پر خریدتے ہیں، کس rate پر لیتے ہیں اور کس rate پر بیچتے ہیں؟ یہ عوام کا مسئلہ ہے کہ ایک چیز پیسوں سے خریدی جاتی ہے اور روپوں میں بیچی جاتی ہے۔

جناب چیئرمین: دیکھیے جواب آگیا ہے اور آپ کوئی اور سوال کرنا چاہیں گے؟

سینیٹر حاجی محمد عدیل: جناب! یہ جواب incomplete ہے۔ ہمیں بتایا جائے کہ Oil and Gas Corporation سے کس rate پر خریدتے ہیں اور کس پر بیچتے ہیں؟

Syed Naveed Qamar: Sir، if I may answer the question، I don’t know، I think we have been dragged in a totally different direction on this question. This does

not relate to the net profit. There are the proceeds of the gas that is produced in different areas and secondly، the details as to what are the exact rates at which gas is bought and sold is not something which pertains to this particular question. However، again I would request honourable member to put a question and we will answer that.

جناب چیئرمین: مندوخیل صاحب آپ پوچھ لیں۔

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا! میں جو سوال سمجھ سکا ہوں اور جو جواب یہاں آیا ہے ' سوال یہ ہے کہ profit ان پانچ سالوں میں بلحاظ ترتیب' وہ کیا ہے؟ اس سوال کا دوسرا جزو یہ ہے کہ salaries، allowances یہ اس سال کے کتنے دیے گئے ہیں۔ اب 2008 کی رقم دیکھی جائے تو وہاں لکھا ہوا ہے profit after tax in rupees is 2،496،690 آمدنی ہے اور اسی سال Rs. 3،726،305 تنخواہ ہے اگر ایسا ہے تو اس کے معنی یہ بنتے ہیں کہ آمدنی جو ہے وہ کوئی دو ارب انچاس کروڑ ہے اور صرف تنخواہ اور الاونسز کا جو خرچ ہے وہ کوئی تین ارب بہتر کروڑ ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ یہ ادارہ loss میں جا رہا ہے اور صرف تنخواہوں میں آمدنی سے زیادہ دیا جا رہا ہے۔.

سید نوید قمر: یہ آمدنی کی figures نہیں ہیں یہ منافع کی figures ہیں۔ Sir، this is not revenue، this is profit.

سینیٹر عبدالرحیم خان مندوخیل: یہ منافع ہے' ٹھیک ہے۔

Mr. Chairman: Next question No. 21، Dr. Muhammad Ismail Buledi. Anyone on his behalf?

Q.No. 21 was deferred.

Mr. Chairman: Any supplementary question?

سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری: زکوۃ کی تقسیم کے حوالے سے صوبوں سے جو reports آئی ہیں وہ یہاں دیا گیا ہے۔ میرا اس حوالے سے یہ سوال ہے کہ زکوۃ میں corruption کی بڑی شہرت ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ گزشتہ سال کتنی زکوۃ لوگوں سے وصول کی گئی اور اس میں سے کتنا تقسیم ہوا اور کتنا باقی بچا ہے؟ اس کے متعلق وزیر صاحب ذرا وضاحت فرمائیں اور جو corruption ہے کیا اس کے حوالے سے کوئی check ہے؟ اگر ہے تو اب تک کتنی زکوۃ چیئرمینوں کو' یا زکوۃ سے منسلک لوگوں کو سزائیں دی گئی ہیں؟

جناب چیئرمین: جی کاظمی صاحب۔

سید حامد سعید کاظمی: جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ پچھلے دو سالوں میں جو زکوۃ کمیٹیاں ہیں وہ local level پر قائم کی جاتی ہیں۔ اگر زکوۃ کمیٹیاں قائم ہی نہ کی جائیں تو زکوۃ کی تقسیم ممکن نہیں ہوتی۔ یہ ایک سسٹم ہے اور زکوۃ کمیٹیاں بنانا مرکز کا کام نہیں ہے' یہ وزارت کا کام نہیں ہے۔ یہ وہاں کے لوکل لوگوں کا کام ہے کہ وہ

procedure کے مطابق، یہ قائم کریں۔ یہ تقسیم صرف اس لیے پوری طرح تقسیم نہیں ہو سکی تھی کہ لوکل زکوٰۃ کمیٹیاں نہیں بن سکی تھیں۔ اس کے علاوہ یہ سوال ہے کہ corruption کے حوالے سے بہت الزامات آتے ہیں، میں اس بارے میں عرض کروں گا کہ اگر کوئی باقاعدہ شکایت ہو، اگر کوئی کیس رجسٹر کرایا جائے، اگر کچھ حقائق سامنے لائیں تو پھر اس کے بارے میں تو ہم یقینی طور پر کچھ نہ کچھ action لیں گے اور لیتے ہیں لیکن اگر بات صرف زبانی کلامی ہو اور اس پر اگر کوئی کارروائی کی جائے تو پھر ظاہر ہے کہ اخبارات میں شور مچ جاتا ہے کہ یہ political victimization ہے کیونکہ اس وقت جو زکوٰۃ کمیٹیاں ہیں وہ سابقہ حکومت کی قائم کردہ ہیں، اگر ہمیں شکایات موصول ہوئیں تو ضابطے کے مطابق ضرور کارروائی ہو گی۔

جناب چیئرمین: جی حاجی عدیل صاحب۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: جناب چیئرمین! میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ زکوٰۃ کی جو distribution ہوئی ہے یہ کس تناسب سے صوبوں کے درمیان میں ہوئی ہے؟ کیا آبادی کے تناسب سے ہوئی ہے؟ اگر یہ آبادی کے تناسب سے ہوئی ہے تو صوبہ پختونخواہ کو اس کی آبادی کے تناسب سے یہ زکوٰۃ کم ملی ہے۔ اگر یہ غربت کی بنیاد پر ہوئی ہے تو پھر صوبہ پختونخواہ اور صوبہ بلوچستان کو یہ بہت کم ملی ہے۔ محترم وزیر صاحب بتائیں کہ آخر یہ تقسیم کا معیار کیا ہے؟

سید حامد سعید کاظمی: میں عرض کروں گا کہ تقسیم کا معیار تو ظاہر ہے، اس وقت میرے پاس صحیح calculations تو نہیں ہیں، آپ فرما رہے ہیں کہ یہ آبادی کے لحاظ سے اگر ہوئی ہے تو کم ہوئی ہے لیکن مجھے یہی بتایا گیا ہے کہ یہ آبادی کی بنیاد پر تقسیم ہوتی ہے اور اس کے اندر کوئی discrimination نہیں ہے بلکہ جب زکوٰۃ دی جاتی ہے اور وہ پوری تقسیم نہیں ہو پاتی تو پھر یہ سوال ثانوی حیثیت اختیار کر جاتا ہے کہ آپ نے کتنی دی ہے اور کتنی نہیں دی۔ جتنی دی ہے، ابھی تو وہ بھی تقسیم نہیں ہوئی تو پھر زیادہ کا سوال کیا کیا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین: حافظ رشید صاحب۔

سینیٹر حاجی محمد عدیل: جناب چیئرمین! میں اپنی بات clear کر سکتا ہوں۔ دیکھیں جی! یہ اگر ہماری آبادی کے تناسب سے ہو تو صرف 14% پختونخواہ کا علاقہ ہے اور فاٹا کا علاقہ اگر شامل کریں تو پھر 21% کے قریب بنتا ہے۔ یہ جو میں نے calculate کی ہے جلدی سے، یہ تقریباً کوئی 11 یا 11.5 % پختونخواہ کو دی گئی ہے اور آپ جو کہتے ہیں کہ یہ تقسیم نہیں ہوئی ہے تو پختونخواہ میں 07-2006 میں تقریباً 99% تقسیم ہوئی ہے۔ البتہ 08-2007 میں یہ ابھی تقسیم نہیں ہوئی ہے تو اس کی ذمہ داری۔۔۔۔، آپ کے بھی علم میں ہے کہ پچھلے دور میں یہ 99% تقسیم ہوئی ہے، تو کم دی گئی ہے، آبادی کے تناسب سے ہمیں کم دی گئی ہے، ہمارے ساتھ کیوں ایسا ظلم ہوتا ہے؟

سید حامد سعید کاظمی: اگر فرض کیجیے کہ 99% بھی تقسیم ہوئی ہے تو ظاہر ہے 100% تقسیم نہیں ہوئی ہے۔ اب جو آپ فرما رہے ہیں کہ ہمیں کم ملی ہے تو اب جو پہلے ملی تھی، ابھی وہ پوری تقسیم نہیں ہوئی ہے، آپ کے ساتھ مل بیٹھ کر، انشاء اللہ العزیز، اس مسئلے کو solve کیا جا سکتا ہے۔ کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : جی آپ ان سے مل لیں۔

سید حامد سعید کاظمی : لیکن یہ زکوۃ کمیٹیاں صحیح طور پر function نہیں کر رہیں۔ اس میں وزارت کا اتنا عمل دخل نہیں ہے۔ ہماری طرف سے بار بار directives آتے ہیں' ان کو letters issue کیے جاتے ہیں کہ جی آپ یہ system مکمل کریں' ملک میں اتنی غربت ہے اور ادھر زکوۃ تقسیم ہوئے بغیر واپس آ جاتی ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ ہم سب کے لیے لمحۂ فکریہ ہے۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے۔ حافظ رشید صاحب۔

سینیٹر حافظ رشید احمد : سوال نمبر 21 پر میرا ضمنی سوال ہے۔ نمبر 1 تو یہ ہے کہ یہ جو ادائیگی کی گئی ہے یہ غیر واضح ہے۔ ملین میں ہے' لاکھ میں ہے' کس میں ہے' یہ غیر واضح ہے۔ نمبر 2 یہ ہے کہ اس میں سارے صوبوں کی صوبہ وار تفصیل لکھی گئی ہے' پنجاب ہے' سندھ ہے' NWFP ہے' بلوچستان ہے' اسلام آباد کیپیٹل اور Northern Areas ہیں لیکن اس میں فاٹا کا ذکر نہیں ہے۔ تو جنابِ والا! ہمارے ساتھ یہ مسلسل زیادتی کیوں ہو رہی ہے؟ اگر وزیر صاحب اس کا واضح جواب دے دیں تو مہربانی ہو گی۔

جناب چیئرمین : جی کاظمی صاحب! حافظ رشید صاحب فاٹا کی بات کر رہے ہیں۔

سید حامد سعید کاظمی : گزارش یہ ہے کہ چونکہ نورالحق قادری صاحب اس وقت یہاں تشریف فرما نہیں ہیں تو آئندہ کے لیے جو policy making ہے-----

جناب چیئرمین : ایک منٹ' جواب آنے دیجیے۔ حافظ صاحب! ذرا صبر تو کریں۔

سینیٹر حافظ رشید احمد : جناب' یہ تو کوئی جواب ہی نہیں ہے۔ روز یہی جواب ہوتا ہے۔ اگر وزیر موجود نہیں تو انہیں بلا لیں۔

جناب چیئرمین : حافظ صاحب! آپ صبر تو کریں' پہلے جواب تو پورا آنے دیں۔

سید حامد سعید کاظمی : میں نے تو ابھی excuse نہیں کیا۔

جناب چیئرمین : آپ صبر تو کیجیے۔ ان اللہ مع الصٰبرین۔ جی کاظمی صاحب۔

سید حامد سعید کاظمی : بہرحال یہ جو amount ہے' یہ millions میں ہے۔ عام طور پر جب اس طرح figures ہوتے ہیں اور ظاہر ہے کہ-----

جناب چیئرمین : کاظمی صاحب! میری سن لیجیے۔ حافظ صاحب کا جو objection ہے' بڑا بجا ہے کہ فاٹا کے بارے میں اس میں کوئی ذکر نہیں ہے۔ آپ ان کے ساتھ بیٹھ کر ان کو satisfy کریں۔ نہیں تو آپ کو یہ جواب پھر اگلی turn، rota day پر دینا پڑے گا کہ فاٹا کے لیے کیوں نہیں کیا گیا۔ کاظمی صاحب! بالکل آپ ان کے ساتھ مل کر ان کو satisfy کریں-----

سینیٹر الیاس احمد بلور : جناب چیئرمین ! ہر ایک بات پر منسٹر صاحب کے ساتھ مل بیٹھ کر ان کو satisfy کرنا، یہ House کس لیے ہوتا ہے۔ یہ کل آکر اس کا جواب یہاں House میں دیں۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین : بالکل دیں گے۔

سینیٹر الیاس احمد بلور : مل بیٹھنے میں یہ ہوتا ہے کہ ان کو پتا لگ جائے گا، ہمیں پتا نہیں لگے گا کہ فاٹا کو کیوں شامل نہیں کیا گیا۔ جناب ! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ for God's sake یہ روایت نہ بنائیں۔ ان کو یہ کہیں کہ جی کل آکر ہمیں جواب دے دیں کہ یہ کیوں فاٹا کو نہیں ملا۔ یہ تو کوئی بات نہیں، House کس لیے ہوتا ہے؟ ہمیں پورے House کو پتا لگنا چاہیے کہ فاٹا کو کیوں نہیں دیا گیا؟ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے، ok یہ House کو بتلائیں گے۔ Next، Dr. Safdar Abbasi، تین questions ہوتے ہیں rules کے مطابق، یہ تین سے تجاوز کر رہے ہیں۔ جی ڈاکٹر صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی : جناب، میرے لیے خاص relaxation دے دیں۔

جناب چیئرمین : جی جی، ڈاکٹر صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی : بڑی مہربانی جناب۔ جناب ! میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ اس میں انہوں نے یہ لکھا ہے کہ تقریباً ایک billion، total unutilized تھا جس میں سندھ کی unutilized amount تھی 475 million یعنی تقریباً 47 کروڑ، انہوں نے آگے یہ بھی لکھا ہے کہ 30-9-2008 تک utilization کے لیے extension دی گئی تھی تو ان تین ماہ میں اس کے بعد کتنی utilization ہوئی ہے؟ ایک ارب میں سے کتنی ہوئی اور 475 million میں سے کتنی ہوئی؟

جناب چیئرمین : کاظمی صاحب۔

سید حامد سعید کاظمی : جناب چیئرمین ! گزارش یہ ہے کہ یہ detail تو اس وقت میرے پاس یہاں پر موجود نہیں ہے۔ دراصل جو زکوۃ کی تقسیم کا مسئلہ ہے وہ بہت زیادہ پریشان کن تھا جیسا میں نے پہلے عرض کیا کہ اب چونکہ زکوۃ کمیٹیاں بنی نہیں۔ یعنی جو زکوۃ تقسیم نہیں ہوئی اس کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ چونکہ district wise ہر علاقے کی allocation ہوتی ہے کہ بھئی تمہیں اتنی زکوۃ دی جا رہی ہے، تم نے یہ تقسیم کرنی ہے۔ جن کو دی گئی تھی، انہوں نے تو تقسیم کر دی لیکن جہاں پر زکوۃ کمیٹیاں نہیں تھیں وہاں پر دی ہی نہیں جا سکی۔ جب دی ہی نہیں جا سکی تو بقیہ تین مہینوں میں اس کی تقسیم ممکن نہیں تھی۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی : میں یہ سمجھا ہوں کہ یہ کہہ رہے ہیں کہ اس کے بعد تین مہینے میں مزید کوئی تقسیم نہیں ہوئی، کیا یہ یہی کہہ رہے ہیں؟

سید حامد سعید کاظمی : جی، میں نے یہی عرض کیا ہے جہاں پر زکوۃ کمیٹیاں بنی ہوئی تھی وہاں۔۔۔۔۔

سینیٹر ڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب! میں تو exact amount پوچھ رہا ہوں۔ میں تو یہ پوچھ رہا ہوں کہ ایک ارب روپیہ جو رہ گیا ہے' وہ تین ماہ میں تقسیم ہوا یا نہیں ہوا۔ جناب! میں سمجھتا ہوں کہ اگر یہ question defer ہو جائے تو بہت بہتر ہوگا کیونکہ جتنے بھی دوستوں کے سوالات ہیں ان کا جواب شاید کاظمی صاحب نہیں دے سکے۔ اگر آپ defer کر دیں تو بہتر رہے گا' وہ سارے سوالوں کے جواب لے کر آ جائیں۔

جناب چیئرمین: چلیے defer کر دیتے ہیں۔ جی زاہد صاحب۔

سینیٹر محمد زاہد خان: جس طرح کہ حاجی صاحب نے question کیا تھا' حاجی صاحب کو بٹھا کر نہ سمجھائیں بلکہ سارے House کو سمجھائیں کہ یہ کس حساب سے تقسیم ہوئی ہے' آبادی کے لحاظ سے یا غربت کے لحاظ سے۔ اگر ہوئی ہے تو کس حساب سے ہوئی؟

جناب چیئرمین: کاظمی صاحب! یہ ساری چیزیں نوٹ کر لیں۔ اس question کو ذرا clarify کر دیں۔

Now we move to the next question. Dr. Muhammad Ismail Buledi.

22. *Dr. Muhammad Ismail Buledi: Will the Minister for Religious Affairs be pleased to state:

(a) the number of tour operators to which quota was granted for Hajj 2008 indicating also the quota of Hajj granted in each case with province-wise break up; and

(b) the number of the said operators which have been black listed with province-wise break up?

Syed Hamid Saeed Kazmi: (a) For Hajj 2008. 590 out of 594 Hajj Group Organizers were enrolled. However، 582 HGOs availed a quota of 79.543 seats. List of HGOs enrolled for Hajj 2008 is placed at Annex-I. Province-wise break up of allocation of quota to the Hajj Group Organizers is as under:—

Province	Quota allocated	Number of Tour Operators
Punjab including ICT	32,887	252
NWFP	13,699	90
Sindh	24,004	167
Balochistan	6,165	50
Northern Areas	121	02
AJK	640	07
FATA	2,027	14
Total:	79,543	582

(b) No HGO was blacklisted. However، five HGOs were dropped by Saudi Government، three HGOs were dr pped by Ministry of Religious Affairs and four HGOs withdrew at their own. Their list is placed at Annex-II. Province-wise detail of these HGOs is as under:—

Province	Number of Hajj Group Organizers
Punjab including ICT	03
Sindh	05
Balochistan	03
AJK	01
Total:	12

(Annexure have been placed on the Table of the House as well as Library)

Mr. Chairman: Any supplementary.

Senator Ilyas Ahmed Bilour: Sir، there are a lot of supplementaries.

Mr. Chairman: There can be three supplementary questions under the rule. Let's start with the first one.

Senator Ilyas Ahmed Bilour: Right Sir. Thank you very much.

جناب! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو حج کوٹا ہے' کیا یہ پرانے لوگوں کو ہی دیا گیا ہے یا نئی مہربانیاں کی گئی ہیں؟ پہلے بھی حج کوٹا ہوتا تھا اور ہمارے پختونخواہ میں 90 لوگوں کو کوٹا دیا گیا ہے' بلوچستان میں 50 لوگوں کو کوٹا دیا گیا ہے' کیا یہ جو پہلے list میں تھے' انہی کو ملا ہے یا کچھ خاص مہربانیاں ہوئی ہیں کیونکہ اس میں بڑے کھلے نظر آتے ہیں' بہت کچھ سننے میں آیا ہے اور بڑی عجیب عجیب باتیں سننے میں آئی ہیں۔ مہربانی کر کے منسٹر صاحب بتا دیں کہ کیا ہوا ہے؟

سید حامد سعید کاظمی: جناب چیئرمین! گزارش یہ ہے کہ یہ سعودی گورنمنٹ کی طرف سے restrictions تھیں کہ 2007 میں جن tour operators نے حج operate کیا ہے' ان کے علاوہ آپ کسی نئے tour operator کو کوٹا نہیں دیں گے۔ ہم نے اس کو strictly follow اس لیے بھی کیا کہ ہماری مجبوری تھی کہ سعودی گورنمنٹ کی طرف سے instructions تھیں اور اگر ہم کسی نئے tour operator کو دیتے تو وہ خود ہی اس کو cancel یا reject کر دیتے۔ یہ بات بالکل واضح ہے کہ کسی ایک بھی ایسے tour operator کو کوٹا نہیں دیا گیا جس کو 2007 میں کوٹا نہیں ملا تھا۔ it was a condition and it was strictly observed.

جناب چیئرمین : ڈاکٹر بلیدی صاحب آگئے ہیں۔ ان کا حق ہے supplementary پوچھنے کا۔ جی بلیدی صاحب۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی : جناب! میں معذرت چاہتا ہوں کہ میں تھوڑا late ہو گیا، مجھے late نہیں ہونا چاہیے تھا کیونکہ پہلی دفعہ آپ time پر اجلاس شروع کر رہے ہیں۔ اس لیے انشاء اللہ، آئندہ ہم احتیاط کریں گے۔

جناب چیئرمین : شکریہ۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی : یہ ایک اہم سوال ہے اور اس سے پہلے بھی یہ سوال اس House میں بھی اور National Assembly میں بھی آیا ہے۔ جناب چیئرمین! اس دفعہ حج کوٹے میں بہت گند ہوا تھا اور کرپشن کی بات بھی کی جارہی تھی۔

ان لوگوں کو یہ کوٹہ دیا گیا جنہوں نے پیسے دیے تھے۔ جب کہ جو لوگ حقدار تھے ان کو یہ کوٹہ نہیں دیا گیا تھا۔ جن کی سفارشیں تھیں ان کو دیا گیا۔ میں نے کاظمی صاحب، خورشید شاہ صاحب، رضا ربانی صاحب سے بھی بات کی اور اس ایوان میں بھی کہا کہ اگر حج کے معاملے میں بھی لوگ اس طرح کے معاملات کرتے ہیں تو پھر یہ مسئلہ کیسے حل ہوگا اور بلوچستان کے حوالے سے رضا ربانی صاحب نے اس ایوان کو یقین دلایا کہ بلوچستان میں جو لوگ قرعہ اندازی میں رہ گئے ہیں ان کو accommodate کیا جائے گا لیکن اس کے باوجود بلوچستان کے ساتھ جو رویہ رکھا گیا وہ قابل افسوس ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اگر اس کو متعلقہ Standing Committee میں refer کیا جائے اور اس کی پوری inquiry ہو، دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہو جائے گا۔ دوسری بات یہ کہ آئندہ کے لیے آپ ruling دیں کہ اس کے طریقہ کار کو اس طرح بنایا جائے تاکہ کرپشن کی جو باتیں کی جارہی ہیں ان کا خاتمہ ہو سکے۔ حج کا فریضہ ادا کرنا باعث ثواب ہے اگر اس فریضہ میں اس طرح کی باتیں ہوں گی تو یہ بہت بری بات ہے۔ لہٰذا اس کو آپ متعلقہ کمیٹی کے سپرد کر دیں تو آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔

جناب چیئرمین : جی کاظمی صاحب۔ایک منٹ جواب تو آنے دیجیے، ایک ساتھ سارے لوگوں کے سوالات نہیں لے سکتے، clubbing نہیں ہو گی. you will get the chance Semeen Siddiqui.جی رضا ربانی صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی : جناب والا! بلیدی صاحب نے ابھی یہ فرمایا ہے کہ میں نے on the floor of the House assurance دی تھی کہ بلوچستان کے جو باقی لوگ قرعہ اندازی میں رہ گئے ہیں ان کو بھیجا جائے گا۔ میں ان کو یاد دلادوں اور record کی درستگی کے لیے کہ یہ assurance جناب خورشید شاہ صاحب کی طرف سے آئی تھی، میری طرف سے یہ assurance نہیں تھی۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے، کاظمی صاحب اس کا جواب دے دیں۔

سید حامد سعید کاظمی : جناب والا! گزارش یہ ہے کہ اگر یہ بات کی جائے کہ کسی ایک صوبے سے جتنے بھی حجاج نے درخواست دی ہو گی ان سب کو حج پر بھیجا جائے گا تو ظاہر ہے پھر دوسرے صوبوں کی طرف سے resentment سامنے آئے گی اور اس کا نتیجہ یہ نکلے گا' بلکہ جب government scheme کے تحت کوٹہ تقسیم ہو رہا تھا تو مجھے کہا گیا کہ اگر بلوچستان کو آبادی کے تناسب سے دیکھا جائے تو آپ کو زیادہ حصہ مل رہا ہے۔ یہاں پر ایسے معزز ممبران موجود ہیں جنہوں نے کہا کہ ہمارے صوبے میں لوگ چونکہ مذہب سے زیادہ لگاؤ رکھتے ہیں اس لیے وہ زیادہ تعداد میں حج پر جانا چاہتے ہیں۔ اس لیے ان کو زیادہ accommodate کیا جائے۔ میں نے یہ بات صرف اس لیے بیان کی ہے کہ بلوچستان کی کوئی حق تلفی نہیں ہوئی ہے۔ اگر ان کو کوئی اضافی favour نہیں دے سکے تو اس کے لیے میں معذرت خواہ ہوں لیکن حق تلفی نہیں ہو ئی ہے۔ جہاں تک کوٹے کی غیر منصفانہ تقسیم کا تعلق ہے --------

جناب چیئرمین : زاہد صاحب برائے مہربانی بیٹھ جائیں پہلے انہیں جواب دینے دیں' میں نے دیکھ لیا ہے کہ آپ نے ہاتھ اٹھایا تھا' پہلے ان کا جواب ممبران کو سننے دیں کہ وہ کیا جواب دے رہے ہیں۔

سید حامد سعید کاظمی : غیر منصفانہ تقسیم کے حوالے سے جو بات ہے تو میں عرض کروں گا کہ وزیراعظم صاحب نے ایک کمیٹی بنائی تھی جس میں' میں convener تھا اور Secretary M/O Religious Affairs اس کمیٹی نے final کرنا تھا۔ پہلے جو Tour Operators تھے ان کے علاوہ ہم کسی کو operate نہیں کر سکتے تھے' ہم نے strictly observe کیا جن کے خلاف complaints تھیں ہم نے ان کا کوٹہ کاٹا اور پھر High Court کی ruling کے مطابق ہم نے maximum capping کی کہ ہم نے تین سو سے زیادہ کسی کو کوٹہ نہیں دینا اور یہ چیز record پر ہے کہ کوئی ایک company بھی ایسی نہیں جس کو تین سو سے زیادہ کا کوٹہ دیا گیا ہو۔

دوسری بات یہ کہ ہم نئی حج پالیسی بنا رہے ہیں I am giving assurance on the floor of the House کہ اس وقت ہم ایسے parameters بنا رہے ہیں جس سے شاید Tour Operators کو ہمارے پاس آنے کی بھی ضرورت نہ پڑے۔ ان parameters میں جو fall کرے گا کہ اس category میں ہے تو اس کو اتنا کوٹہ ملنا ہے' اس category میں ہے تو اس کو اتنا کوٹہ ملنا ہے۔ ہم تقریباً ہفتے ڈیڑھ ہفتے میں اس پالیسی کو بنا کر کابینہ میں لائیں گے اور وہاں سے منظوری لے کر انشاء اللہ سامنے آئے گی لیکن یہ بات یقینی طور پر ہے کہ جیسے بلیدی صاحب بھی کہہ رہے تھے کہ ہم نے بہت سنا ہے' ہمارے ہاں تو صورتحال ایسی ہے کہ آپ کسی کو گالی دیں تو لوگ فوراً یقین کر لیتے ہیں' کسی کی تعریف کریں تو کہتے ہیں کہ یہ اس کا چمچہ ہے۔ یہاں پر یہ صورتحال ہے' اس کا کیا علاج کیا جائے۔

جناب چیئرمین : جی زاہد صاحب۔ زاہد صاحب کے بعد آپ سے پوچھ لیں گے۔ چلیں زاہد صاحب ladies first جی سیمیں صدیقی صاحبہ۔

سینیٹر سیمیں یوسف صدیقی: جناب چیئرمین! آپ کی توجہ اور مہربانی کا شکریہ۔ میرا سوال یہ ہے کہ جو حج کوٹہ ہم Tour Operators کو دیتے ہیں تو کیا ہم ان پر کوئی check بھی رکھتے ہیں یا ہمارے پاس کیا نظام ہے' میں وزیر صاحب سے پوچھنا چاہوں گی کہ جو facilities کا وہ وعدہ کرتے ہیں آیا وہ facilities حجاج کو دیتے بھی ہیں کہ نہیں اور اسی کے ساتھ میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ میں نے اخبار میں ایک خبر پڑھی تھی کہ ہر سال Parliamentarians کو جو کوٹہ دیا جاتا ہے وہ اس سال سے ختم کیا جا رہا ہے۔ اس میں کتنی صداقت ہے' یہ وضاحت کر دیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جی کاظمی صاحب۔

سید حامد سعید کاظمی: پہلی گزارش میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ Tour Operators جب operate کر لیتے ہیں تو اس کے بعد پھر ہم ان سے Performa لیتے ہیں کہ آپ نے کس کو کیا facilities دیں ہیں اور یہ پہلے سے انہوں نے ہمیں دیا ہوا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ہم publicly advertise کرتے ہیں' ہم نے اخبار میں باقاعدہ اشتہار دیا کہ جو حجاج کرام گئے ہیں ان کو کسی Tour Operator کے خلاف کوئی شکایت ہے وہ ہمیں بھیجیں اور ہم اس کو ضرور take up کریں گے اور ہمارے ہاں باقاعدہ ایک Complaint Cell ہے وہاں پر ہم ان complaints کو entertain کرتے ہیں' ان کی انکوائری ہوتی ہے' دونوں پارٹیوں کو بلایا جاتا ہے اور اگر کہیں on the behalf of Tour Operator کوئی قصور ہو تو پھر ہم یقیناً اس کو سزا دیتے ہیں۔ وہ سزا مختلف صورتوں میں ہوتی ہے' ان کی سکیورٹی ہمارے پاس ہوتی ہے وہ ضبط کی جا سکتی ہے۔ ان کا کوٹہ کم کیا جا سکتا ہے اور اگر بہت سخت شکایت ہو تو ان کا کوٹہ منسوخ بھی کیا جا سکتا ہے ان کو black list کیا جا سکتا ہے۔ ہمارے پاس یہ تمام چیزیں under process میں ہیں۔ جہاں تک ممبران پارلیمنٹ کے کوٹے کا تعلق ہے تو گزارش یہ ہے کہ گزشتہ سے پیوستہ سال ایک ممبر کے لیے پانچ افراد کا کوٹہ رکھا گیا تھا۔ گزشتہ برس ہم نے پانچ سے دس کر دیا تھا لیکن ہمارے ممبران پارلیمنٹ کا کہنا تھا کہ دس افراد کا کوٹہ بہت کم ہے اور اس میں ہم لوگوں کو ناراض زیادہ کرتے ہیں ان کو راضی نہیں کر سکتے ہیں' یا تو آپ کم از کم یہ بڑھا کر پچاس کریں یا پھر اسے سرے سے منسوخ کر دیں۔ ہم یہاں پر بیٹھے ہیں ابھی پوچھ لیتے ہیں' ظاہر سی بات ہے کہ پچاس حاجیوں کا کوٹہ فی ممبر ہم نہیں دے سکتے ہیں۔ اس طرح تو عوام کی طرف سے بہت زیادہ resentment سامنے آئے گی۔ میں آپ کی عدالت میں کھڑا ہوں جیسے آپ فرمائیں گے اس کے لیے حاضر ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: کاظمی صاحب ممبران are very worried آپ explain کر دیں اور ان کو اعتماد میں لیجیے گا کہ جب آپ نئی پالیسی بنائیں ان کے پارلیمنٹری لیڈران سے مل لیں۔

(مداخلت)

سینیٹر الیاس احمد بلور : جناب والا! جتنا کوٹہ Parliamentarians کو ملے گا وہ عوام کو مفت دیں گے اور اگر وہ Tour Operators کو ملے گا تو وہ پیسے کماتے ہیں' Parliamentarians اپنے حلقے کے لوگوں کو مفت دیں گے' ان کو oblige کریں گے۔

جناب چیئرمین : زاہد صاحب اس پر ضمنی سوال کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر محمد زاہد خان : جناب والا! جیسا کہ وزیر صاحب نے جو کہا کہ ہم نے تین سو سے زیادہ کوٹہ کسی کو نہیں دیا ہے۔ ہمارے 90 Hajj Tour Operator Groups تھے' اس میں کتنا کوٹہ ان کو دیا گیا لیکن ایک بات میں واضح کرنا چاہتا ہوں جیسا کہ بلیدی صاحب نے کہا ہے میرے پاس ثبوت موجود ہیں اس کو کمیٹی کے حوالے کریں میں وہ ثبوت پیش کروں گا کہ کس کی سفارش سے کتنا کوٹہ کس کس کو ملا ہے۔ مہربانی کریں اس کو کمیٹی کو refer کر دیں۔ جب وزیر صاحب بیٹھے ہوں گے تو میں ان کے سامنے تمام ثبوت رکھ دوں گا۔۔۔۔

جناب چیئرمین : زاہد صاحب آپ سوال کریں' what is your question?

سینیٹر محمد زاہد خان : جناب والا! ان سے یہ کہہ رہا ہوں کہ جب انہوں نے یہ کوٹہ تقسیم کیا اور جن کو دیا گیا ان Tour Operators کا record بہت اچھا تھا اور اگر ان کا record اچھا تھا تو کتنے Tour Operators کا تھا۔

جناب چیئرمین : جی وزیر صاحب آپ اس سوال کا جواب دیں۔

جناب محمد سعید کاظمی : جناب چیئرمین! میں نے پہلے گزارش کی ہے کہ اس وقت ہم جو حج پالیسی بنا رہے ہیں اس کے لیے ہم وہ parameters مقرر کر رہے ہیں جن سے یہ معاملہ بالکل transparent ہو گا۔ میں نے عرض کیا ہے کہ پہلے تو کوٹے کی تقسیم کے وقت ہم منہ چھپاتے پھرتے تھے کہ کوئی ہمیں پکڑ نہ لے اور ہمارے اوپر کرپشن نہ ڈالے لیکن اب صورت حال انشاء اللہ ایسی ہو گی کہ کسی کو ہمارے پاس آنے کی بھی ضرورت نہیں ہو گی اور parameters clear and transparent ہوں گے' اس کے مطابق ہو گا۔

رہی یہ بات کہ ہمارے دوست زاہد خان صاحب فرما رہے ہیں کہ ہم ثبوت دیں گے کہ کس کی سفارش پر کس کو کوٹہ دیا گیا' خیر وہ تو ثبوت دیں گے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ یہاں پر معذرت کے ساتھ زیادہ تر دوست وہ خفا ہوتے ہیں جن کی سفارش کو ہم کسی وجہ سے entertain نہ کر سکے ہوں۔

جناب چیئرمین : Next question ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی۔

23. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Water and Power be pleased to state whether it is a fact that an agreement has been signed with Iran for the provision of electricity to the 31 villages of District Panjgoor، Makran، situated on Pakistan - Iran border، if so، the present status of work on that project?

Raja Pervaiz Ashraf: The agreement for supply of Power from Iran to villages in Paroom area of District Panjgur and Zamuran in District Kech near Pakistan Iran border was signed on 09-03-2006. The work was to be completed by September 2006.This agreement envisaged electrification of 31-villages in the area at an estimated cost of Rs.98.379 million. The work however could not be executed due to non availability of funds.

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: جناب والا! ہمارے وزیر واپڈا ماشا اللہ بڑے true and hard worker ہیں اور واپڈا کے معاملات کو بہتر بنانے کی کوششیں کر رہے ہیں۔ میرا سوال ہے کہ پاکستان ایران سرحد پر واقع پنجگور، تربت، مکران کے بارے میں ہے۔ پاکستان اور ایران کا ایک agreement ہوا ہے اور چار سال سے وہاں گرڈ سٹیشن بنائے گئے جو پنجگور کے بالکل متصل ایران کا بارڈر ہے اس نے یہ کہا تھا کہ میں اس علاقے کو بالکل فری بجلی دوں گا اور وہاں یہ حالت ہے کہ ہمارے بارڈر کے بالکل ساتھ ہی ایران والوں کے لیے جو ہمارے اپنے رشتہ دار ہیں، بجلی کی سہولت موجود ہے۔ دو قدم ایران کی طرف جو رہتے ہیں ان کے لیے بجلی میسر ہے اور دو قدم اس طرف جو ہماری آبادی ہے اس میں تاریکی ہے وہاں بجلی نہیں ہے۔ اس سے ایک احساس محرومی بھی ہے اور ایران کی طرف جو ہمارے بھائی ہیں وہ ہمیں ایک طعنہ بھی دیتے ہیں کہ آپ کی کوئی حکومت ہے کہ ہمارا ایک چھوٹا سا ایک سو گھر کا گاؤں ہے اس میں بجلی میسر ہے اور آپ کے 35 گاؤں ہیں اس کے متصل، وہاں آپ کو بجلی نہیں دی جا رہی۔۔

جناب چیئرمین: آپ سوال پوچھیے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ اس سلسلے میں میں نے ایک دفعہ وزیر صاحب سے بات بھی کی تھی اور میں لاہور میں واپڈا کے چیئرمین سے بھی ملا تھا اور میں خٹک صاحب جو کوئٹہ میں واپڈا کے انچارج ہیں ان سے بھی میں نے بات کی ہے کہ وہاں 23 villages ہیں ان کے لیے 23 crore rupees کی ضرورت ہے اور معاہدہ بھی ہو گیا ہے تو یہ چار سال سے pending ہے۔ وزیر صاحب نے اور چیئرمین واپڈا نے بھی مجھے کہا تھا کہ اس کے لیے ہم پیسوں کا انتظام کر رہے ہیں لیکن مجھے افسوس ہے کہ آج تک پیسوں کی release نہیں ہوئی اور لوگ سراپا احتجاج ہیں۔ میں ابھی پنجگور گیا تھا تو وہاں لوگوں نے کہا کہ ہم سڑک بند کر دیں گے۔۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب! سوال کیجیے۔

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: میرا سوال یہ ہے کہ وزیر صاحب آج اعلان کریں، خوشخبری دیں کہ میں نے پیسے release کر دیے ہیں۔

جناب چیئرمین: یہ سوال نہیں ہے۔ آپ سوال کیجیے، آپ کا سوال کیا ہے؟

سینیٹر ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بلیدی: میرا سوال یہ ہے کہ پیسے کب release کیے جائیں گے۔

Mr. Chairman: Thank you.

وزیر صاحب! جواب دیجیئے بڑی مشکل سے سوال آیا ہے۔ میں سمجھ رہا تھا کہ سوال آئے گا ہی نہیں۔

راجہ پرویز اشرف (وفاقی وزیر برائے پانی و بجلی): جناب چیئر مین! یہ حقیقت ہے کہ 2006 میں ایک bilateral agreement ہوا تھا جس میں Quetta Electric Supply Corporation اور اس کے counterpart Iranians کے درمیان اور یہ اکتیس گاؤں تھے جنہیں ہم نے electrify کرنا تھا۔ وہاں ہم نے grid station بنانا تھا اور ایران نے بجلی supply کرنی تھی اور اس کے لیے چھ مہینے time limit تھی اور اس کو 2006 میں ہی مکمل ہو جانا چاہیے تھا لیکن بد قسمتی سے یہ نہیں ہوا جیسا کہ معزز سینیٹر صاحب نے کہا ہے اب ہم نے اس معاملے کو دوبارہ take up کیا ہے۔ اب اس کے لیے ہمیں 113 million electrify کرنے کے لیے ضرورت ہے اور اس کے علاوہ گرڈ سٹیشن کو، اب گرڈ سٹیشن پر تو تقریباً کام ہو چکا ہے۔ میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ بلوچستان کا اب جو development package ہے اس میں ہم یہ بھی ڈال رہے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ یہ ہو جائے گا۔

جناب چیئر مین: احمد علی صاحب۔

سینیٹر احمد علی: جناب والا! مسئلہ یہ ہے کہ Karachi Electric Supply کے 71 per cent shares have been handed over to the new company حالانکہ وہ ایک سال پہلے management لے چکی تھی لیکن کچھ اس کی reasons تھیں اور اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے ایک روپیہ اس کے دام بھی بڑھا دیے اور ساتھ ساتھ تحفہ بھی دیا کہ آٹھ سے دس گھنٹے لوڈ شیڈنگ بھی کر دیں۔ آخر یہ لوگ چاہتے کیا ہیں؟ کراچی کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہتے ہیں؟

جناب والا! میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ اتنا بڑا show put up کیا اور کروڑوں روپے خرچ کر دیے اور ایک wind mill دکھائی گئی کہ یہ چل رہی ہے اس سے پانچ کلو واٹ بجلی پیدا ہو گی۔ کیا national exchequer کے پیسے اس طرح برباد کرنے کے لیے ہوتے ہیں کہ اتنا بڑا show put up کیا جائے۔

راجہ پرویز اشرف: جناب چیئر مین! جہاں تک Karachi Electric Supply Corporation کے بارے میں معزز رکن نے پوچھا ہے تو میں ان کی خدمت میں گزارش کرنا چاہوں گا کہ آپ سب کو پتا ہے کہ یہ privatization کب ہوئی۔ ہماری حکومت آنے سے پہلے اس کی privatization ہو چکی تھی۔ ہم نے آکران سے implementation agreement کیا ہے۔ اس کے تحت 361 million کی جو investment ہے وہ کراچی کے system کو upgrade کرنے کے لیے ان کو لانی پڑے گی جو کہ وہ پاکستان میں لے آئے ہیں۔ تو جو سارا obsolete system ہے اس کو upgrade کرنا اور efficient supply کرنا ضروری ہے۔

جہاں تک انہوں نے wind energy کی بات کی ہے، جناب چیئر مین! میں تو یہ سوچ رہا تھا کہ معزز سینیٹر کھڑے ہو کر مبارکباد دیں گے کہ پاکستان ایک نئے era میں داخل ہوا ہے۔ یہ بہت بڑی کامیابی ہے اور وہاں پر جو function ہوا ہے وہ بظاہر چھ میگاواٹ کے لیے تھا لیکن وہ پچاس میگاواٹ کا project ہے۔ چھ اور کمپنیوں کے معاملات

بہت آگے چلے جا چکے ہیں۔ ان کے financial close ہو چکے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ within two years ہمیں 1200 میگاواٹ ملیں گے جو ایک green energy ہے جو ملک کی بہت بڑی ضرورت ہے۔

جہاں تک انہوں نے اس پر خرچے کی بات کی توان کی اطلاع کے لیے عرض ہے کہ Turkish company Zurloo نے وہ خرچہ کیا تھا' جو بھی وہاں اہتمام ہوا تھااور وہ کوئی اتنا بڑا نہیں تھا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین : مولانا شیرانی صاحب۔

سینیٹر مولانا محمد خان شیرانی : شکریہ جناب چیئرمین ! میں یہ رہنمائی لینا چاہوں گا کہ جب معاہدہ ہو جائے اور معاہدے میں اس کی تکمیل کی مدت بھی متعین ہو جائے اور وہ خالی جیب سے معاہدہ کیا جائے' دنیا جہان میں ایسا کوئی دستور یا ضابطہ ہے؟ یا کوئی اور بھی ایسا صوبہ ہے کہ جس میں اس قسم کا معاہدہ بین الاقوامی سطح پر کیا گیا ہو اور خالی جیب سے کیا گیا ہو اور اس کی مدت تکمیل بھی متعین ہو اور پھر اس پر چار سال تک عمل نہ ہوا ہو؟

راجہ پرویز اشرف : جناب والا! یہ ان کی بڑی اچھی observation ہے اس معاہدے کو 2006 میں مکمل ہو جانا چاہیے تھا اور چھ مہینے سے زیادہ اس پر وقت نہیں صرف ہونا چاہیے تھا لیکن وہ کیا وجوہات تھیں' اس وقت کی حکومت کیوں نہ عمل کر سکی لیکن جیسا کہ میں نے گزارش کی ہے کہ اب ہم نے یہ مسئلہ ایران کے ساتھ take up کر لیا ہے اور اس کے لیے funds arrange کر رہے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ یہ جلد ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین : بادینی صاحب۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی : جناب چیئرمین ! میرا سوال tour operators کے متعلق ہے۔

جناب چیئرمین : Tour operators کے متعلق سوال ختم ہو چکا ہے۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی : جناب والا! پہلے مجھے موقع نہیں دیا گیا اور آئندہ وزیر صاحب نہیں آئیں گے' ہم کیا کریں۔

جناب چیئرمین : کل آئیں گے۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی : جناب والا! صرف دو باتیں ہیں۔ پہلی بات یہ ہے کہ پارلیمنٹ والوں کے لیے جو دس کا کوٹہ تھا۔۔۔

جناب چیئرمین : بادینی صاحب وہ سوال تو ختم ہو چکا ہے۔ اب تو water and power کی بات ہو رہی ہے۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی : میں اس کی وضاحت کرتا ہوں' کوئی احسان نہیں ہے' پیسے لے کر حاجیوں کو بھیجتے ہیں مفت نہیں ہے۔ اگر کسی کو مفت لے جائیں تو بتائیں۔ مگر پیسے دینے سے بھی ہمیں کوٹہ نہیں ملتا' اگر ایک آدمی کو چاہیے؛ وہ تین' تین ہزار لے جانے والے ہمیں پتا ہیں۔ وزیر صاحب کو بھی پتا ہے وہ بتاتے نہیں ہیں۔ تین'

تین ہزار کا کوٹہ ایک لیڈر لے جاتا ہے۔ ابھی بھی آپ کہہ رہے ہیں کہ لیڈروں کی کمیٹی بنائیں' لیڈروں کی کمیٹی بنائی تو وہ سارے لے جائیں گے۔

جناب چئیرمین: شکریہ بادینی صاحب! پتا چل گیا۔ ٹھیک ہے ہم اس کو دیکھ لیں گے۔ وسیم سجاد۔

(مداخلت)

جناب چئیرمین: بادینی صاحب! وہ سوال ختم ہو چکا ہے۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی: جناب والا! دو منٹ چھوڑیں پھر ختم کریں۔

جناب چئیرمین۔ اگلا سوال۔ طلحہ محمود صاحب۔

جناب چیئرمین: پاسپورٹ کا معاملہ ختم ہو چکا ہے۔

سینیٹر میر ولی محمد بادینی: ہزار کلومیٹر پر بھی پاسپورٹ آفس نہیں ہے۔

Mr. Chairman: Next question Mr. Muhammad Talha Mehmood. On his behalf Mr. Haji Muhammad Adeel.

24. ***Mr. Muhammad Talha Mahmood:** Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) the quantum / volume of electricity being generated through coal and Hydel resources in the country; and

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to produce more electricity through alternative sources like solar، wind energy?

Raja Pervaiz Ashraf: (a) Hydel.—The year-wise electricity generated from existing Hydel Power Stations:—

Year	Electricity generated (Million KWH)
2003-04	27,372,000
2004-05	25,671,049
2005-06	30,854,517
